© rasailojaraid.com



پر تنقید ہے۔ قرآن کریم کے سلسلہ میں کوئی معمولی سے معمولی قابل تنقید چیز بھی نظر انداز کرنے کے قابل نہیں۔ اہل علم اور صاحب ذوق حضرات اگر جذبۂ حق کوشی کی بنا پر اس کتاب کا مطالعہ کریں گے تو انہیں محسوس ہوگا کہ حقیقت اور دلائل کا فیصلہ مصنف کے حق میں جا رہا ہے۔

**قصص الاکابر بحصص الاصاغر** | از حکیم الامت مولانا اشرف علی تھانوی ؒ۔ صفحات ۱۳۶ قیمت ۵/ پتہ :- کتب خانہ جمیلی - ۵ گولڈنگ روڈ۔ لاہور

حکیم الامت مولانا تھانویؒ کے مواعظ اور ملفوظات میں پچھلے قریبی دور کے بعض بلند پایہ اور جلیل القدر بزرگوں گنگوہ اور تھانہ بھون کے مشائخ خانوادۂ ولی اللہی ؒ اور اکابر دیوبند کے بعض روح پرور اور موثر واقعات کا ذکر آیا کرتا تھا۔ اور ایسے واقعات اپنے اندر عبرت و نصیحت کے ہزارہا پہلو رکھے ہوتے ہوتے۔ ایسے بزرگوں کے احوال اور حکیم الامت کی زبان پھر اسکی رقت آفرینی اور تاثر کے کیا کہنے۔ حضرتؒ کی زندگی میں بعض خدام نے اس قسم کی حکایات اور واقعات کو قصص الاکابر کے نام سے یکجا کیا تھا۔ اس وقت ہمارے سامنے اس کا تازہ ایڈیشن حسین و جمیل پیکر طباعت میں جلوہ فگن ہے، جسے لاہور کے مکتبہ امداد العلوم نے بڑی آب و تاب سے شائع کیا ہے۔ اصلاً ان حکایات کی حیثیت تاریخ و وقائع کی نہیں ہے۔ بلکہ تزکیۂ نفس اور موعظت کے مقصد سے بیان ہوتے ہیں اس لئے انہیں روایت و درایت کے اصول پر نہیں بلکہ جذبہ اور مقصد (جو اصلاح خلق و تزکیہ نفوس ہے) کی روشنی میں دیکھنا چاہیئے۔ دین اور علم سے تعلق رکھنے والے بزرگوں اور اصلاح و صلاح کے طالبین کو ان بزرگوں کے انفاس و احوال میں رشد و ہدایت اور تعمیر اخلاق و تہذیب نفس کے صدہا پہلو ملیں گے۔ مکتبہ امداد العلوم کی اکثر مطبوعات معنوی اور ظاہری خوبیوں کی حامل ہیں۔ خدا اس مکتبہ کو بیش از بیش جوش اور ولولہ دے۔


**مکتبۂ چٹان کی مطبوعات**

ابوالکلام کی کہانی (خود انکی زبانی) | مولانا ابوالکلام آزاد کی خودنوشت داستان۔ مرتبہ مولانا ملیح آبادی۔ قیمت ۲/

داتا گنج بخشؒ | مرتبہ مولانا وارث کامل بی۔ اے مرحوم۔ قیمت ایک روپیہ پچیس پیسے صرف۔

فیضان اقبال | علامہ اقبال کے خطبات، مقالات، ارشادات اور خطوط کا نچوڑ۔ قیمت چار روپے صرف۔

قید فرنگ | حضرت مولانا ظفر علی خانؒ کے ایام اسیری کی داستان۔ قیمت دو روپے صرف۔

گفتنی و ناگفتنی | شورش کاشمیری کی نظموں اور غزلوں کا مجموعہ۔ قیمت چار روپے صرف

ملنے کا پتہ :- مطبوعات چٹان - ۸۰ میکلوڈ روڈ - لاہور


© rasailojaraid.com